## سوال

مسجد کی جگہ بیچ کر کوئی اور جگہ خریدنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجد کے لیے خریدی گئی جگہ بیچ کر کوئی اور جگہ خریدی جا سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درست ہے بشرطیکہ مسجد کی آبادی مقصود ہو۔

إِنَّمَا يَعمُرُ مَسٰجِدَ اللَّهِ مَن ءامَنَ بِاللَّهِ (التوبة)18

''اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کی آبادی انہی لوگوں سے ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے''

وَمَن أَظلَمُ مِمَّن مَنَعَ مَسٰجِدَ اللَّهِ أَن يُذكَرَ فيهَا اسمُهُ وَسَعىٰ فى خَرابِهآ (البقرة)114

''اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ منع کرتا ہے مسجدوں اللہ تعالیٰ کی کو یہ کہ ذکر کیا جائے بیچ ان کے نام اس کا اور کوشش کرتا ہے بیچ ویران کرنے ان کے کے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[احکام و مسائل](#)

[مساجد کا بیان ج1ص101](#)